SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
February 21, 2017
For immediate release

## ایس ای سی پی کی لسٹڈ بیمہ کمپنیوں کے سٹیچوٹری ایکسٹرنل آڈیٹرز سے ملاقاتیں

**اسلام آباد، ۲۱ فروری:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے حال ہی میں نافذ ہونے والے ضابطے "کوڈ آف پریکٹس بیٹوین سٹیچوٹری ایکسٹرنل آڈیٹرز اینڈ ایس ای سی پی" کے تحت سٹیچوٹری ایکسٹرنل آڈیٹرز کے ساتھ پری آڈٹ ملاقاتوں کا انعقاد کیا۔ ان ملاقاتوں کا مقصد ایک دوسرے کے ساتھ سالہا سال میں حاصل ہونے والے تجربات اور معلومات کا تبادلہ اور لسٹڈ بیمہ کمپنیوں کے آڈٹ اور ریگولیٹری امور کی انجام دہی میں درپیش عملی مشکلات پر غور وخوض کرنا تھا۔

بیرونی آڈیٹرز کے ساتھ زیادہ موثر رابطوں کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے ایس ای سی پی نے بذریعہ ایس آر او ۶۱۵ (الف)/۲۰۱۶ مورخہ ۱۲ جولائی ۲۰۱۶ کو یہ ضابطہ مشتہر کیا۔ اس ضابطے میں ایس ای سی پی اور بیرونی آڈیٹرز کے درمیان تعلق کی نوعیت، دونوں فریقوں کے مابین رابطوں کی صورت و کثرت اور معلومات کے تبادلے کی ذمہ داریاں واضح کی گئی ہیں۔

لسٹڈ بیمہ کمپنیوں کے بیرونی آڈیٹرز کے ساتھ انفرادی ملاقاتیں کی گئیں جن میں ایس ای سی پی اور آڈیٹرز دونوں نے مخصوص ریگولیٹڈ لسٹڈ بیمہ کمپنیوں اور شعبہ بیمہ کے حوالے سے تبادلۂ خیال کیا گیا ۔ ان ملاقاتوں میں ایس ای سی پی نے آڈیٹرز کو اپنی تشویش اور نقطہ نظر سے آگاہ کیا ۔ امید ہے کہ آڈیٹرز ۳۱ دسمبر کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ کے دوران ان امور کا خیال رکھیں گے۔

ان ملاقاتوں سے آڈیٹڈ مالیاتی معلومات کے معیار میں بہتری آئے گی اور ان سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی نگرانی کی کوششیں اور پالیسیاں موثر اور مناسب ہونے کے ساتھ ساتھ درست اعداد و شمار پر مبنی ہوں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254